نیوز ریلیز

البرٹا کے طلباء کیلئے پانچ P3 ہائی اسکول فراہم کر دیئے گئے ہیں

07 جون، 2024ء میڈیا انکوائریز

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (P3) کے پانچ ہائی اسکولوں کی تعمیر کا کام مکمل ہو چکا ہے، جو اس موسمِ خزاں میں البرٹا بھر کے 6,900 سے زائد طلباء کیلئے نئے کلاس رومز کے دروازے کھول رہے ہیں۔

پہلے سے کہیں زیادہ خاندان البرٹا میں نقل مکانی کر رہے ہیں، اور البرٹا کی حکومت کمیونٹی کی ضروریات کو فوری اور مؤثر طور پر پورا کرنے کیلئے صوبے بھر میں نئے اسکول تعمیر کر رہی ہے۔ اسکولوں کی تعمیر کیلئے البرٹا انفراسٹرکچر کے طریقہ کار کے ایک حصے کے طور پر، P3 ڈلیوری اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب متعدد پراجیکٹس کو وقت پر اور ٹیکس دہندگان کی بچت کے ساتھ مکمل کرنے کا مقصد پورا ہو رہا ہو۔

اس جدید ترین P3 تعمیر کے ذریعے، البرٹا کی حکومت نے ان انتہائی ضرورت والے اسکولوں کی فراہمی کیلئے 114.5 ملین ڈالر کی بچت کی جو بلیک فالڈز (Blackfalds)، لینگڈن (Langdon)، لیڈوک (Leduc) اور دو ایڈمنٹن میں واقع ہیں۔ یہ بچتیں ہائی اسکولوں کو دوسرے طریقوں کو استعمال کر کے ڈلیور کرنے والی لاگتوں کے مقابلے کی بنیاد پر اخذ کی گئی ہیں۔ اس P3 پراجیکٹ نے ان مقامی کمیونٹیز میں بھی لاکھوں ڈالر لگائے اور تعمیر سے متعلقہ تقریباً 1,700 ملازمتوں میں مدد کی۔

"البرٹا کی حکومت اسکول انفراسٹرکچر کی تعمیر کیلئے پُرعزم ہے جس کی صوبے بھر کے طلباء کو ضرورت ہے۔ P3 تعمیر اسکولوں کی تعمیرات کو یقینی بنانے کیلئے ہمارے عزم کی نمائندگی کرتی ہے، اور البرٹا کے ٹیکس دہندگان اپنی سرمایہ کاری کی بہترین قدر و قیمت حاصل کرتے ہیں۔ میں طلباء کے ان کی نئی جگہوں سے لطف اندوز ہونے کا انتظار نہیں کر سکتا۔"

پیِٹ گتھری (Pete Guthrie)، انفراسٹرکچر کے وزیر

"ہم البرٹا کی تیز ترین بڑھتی ہوئی کمیونٹیز میں اسکول تعمیر کر رہے ہیں۔ یہ نئے اسکول طلباء کیلئے اپنی تعلیم سے بھرپور فائدہ اٹھانے، زندگی بھر کیلئے دوست بنانے اور اپنے جوش و جذبے کو دریافت کرنے کیلئے 6,900 سے زائد جگہیں تشکیل دیں گے۔"

ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم

پراجیکٹس کو بنڈل کی صورت میں اکٹھا کرنے سے پیسوں کی بچت ہوتی ہے کیونکہ یہ تعمیراتی عمل میں افادیت پیدا کرتا ہے اور جب بڑی مقدار میں میٹریل خریدا جاتا ہے تو بچت کرتا ہے۔ پانچ ہائی اسکولوں کے اس P3 بنڈل میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

Classification: Public

- بلیک فالڈز (Blackfalds) میں آئرن رِج سیکنڈری کیمپس، وولف کرِیک پبلک اسکولز
- ایڈمنٹن میں ایلڈر ڈاکٹر فرانسس وہسکی جیک (Elder Dr. Francis Whiskeyjack) اسکول، ایڈمنٹن پبلک اسکولز
- ایڈمنٹن میں فادر مائیکل میک کیفری (Father Michael McCaffery) کیتھولک ہائی اسکول، ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز
- لینگڈن (Langdon) میں ہارس شُوکراسنگ ہائی اسکول، راکی ویو اسکولز
- لیڈوک (Leduc) میں اوہپاہو (Ohpaho) سیکنڈری اسکول، بلیک گولڈ اسکول ڈویژن

P3 کو استعمال کرکے البرٹا کے سات نئے اسکولوں کے ایک اور بنڈل کی فراہمی کیلئے لین دین کے معاملات جاری ہیں۔ جب کُھلیں گے، تو یہ ایئرڈری (Airdrie)، بلیک فالڈز (Blackfalds)، کیلگری، چیسٹرمیئر (Chestermere)، اوکوٹوکس (Okotoks) اور دو ایڈمنٹن میں واقع یہ نئے اسکول البرٹا کے طلباء کیلئے 7,000 سے زائد جگہیں پیدا کریں گے۔

فوری حقائق

P3 ہائی اسکول

- 2021ء میں، مسابقتی لین دین کے عمل کے بعد، کنسرٹ برڈ پارٹنرز (Concert-Bird Partners) کو پانچ ہائی اسکولوں P3 بنڈل کا ٹھیکہ دیا گیا۔ انہوں نے 300.3 ملین ڈالر خالص موجودہ قیمت (این پی وی) کی سب سے کم ٹھیکے کی بولی کی قیمت کی پیشکش کی۔
  - پیسوں کی قدر کی رپورٹ آن لائن دستیاب ہے۔
- 2008ء سے، البرٹا انفراسٹرکچر نے P3s کو استعمال کرکے کامیابی سے 45 اسکولوں کی فراہمی کی ہے جس سے البرٹا کے ٹیکس دہندگان کو تقریباً 360 ملین ڈالر کی بچت ہوئی جب اس کا روایتی لین دین کے طریقوں کو استعمال کرنے والی لاگت کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔

سات اسکولوں کا P3 بنڈل

- اہلیت کی درخواست کے مرحلے (29 اپریل کو بند ہوئے) میں کوالیفائی کرنے والے دو تجویز کنندگان کی ایک مختصر فہرست کو درخواست کے تجویز کے مرحلے میں شرکت کیلئے دعوت دی گئی ہے۔
- کامیاب تجویز کنندہ کے ساتھ معاہدے کی توقع 2025ء کے شروع میں کی جاتی ہے، جس میں تعمیر کا کام اسی موسم گرما میں شروع ہوگا۔
- سات اسکولوں کے P3 بنڈل میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - ایئرڈری جنوب مغربی (Airdrie SW) میں K-8 اسکول، راکی ویو اسکولز
  - بلیک فالڈز (Blackfalds) میں K-5 اسکول، ریڈ ڈیئر کیتھولک ریجنل اسکولز
  - کیلگری نولان ہِل (Calgary Nolan Hill) میں K-9 اسکول، کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ
  - چیسٹرمیئر (Chestermere) میں K-9 اسکول، کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ
  - ایڈمنٹن ایج مونٹ میں K-9 اسکول، ایڈمنٹن پبلک اسکولز
  - ایڈمنٹن گلین رِڈنگ ہائٹس میں گریڈ 7-12 اسکول، ایڈمنٹن پبلک اسکولز

- اوکوٹوکس (Okotoks) میں K-9 اسکول (K-6 École Good Shepherd کا بدل)، کرائسٹ دی رِیڈیمر (Christ the Redeemer) کیتھولک اسکولز

میڈیا انکوائریز

بینجی اسمتھ (Benji Smith)

780-686-5798
پریس سیکریٹری، انفراسٹرکچر